© rasailojaraid.com


تبصرہ کتب

مولانا عبدالوکیل علوی

# تذکارِ صالحات

مؤلف: جناب طالب ہاشمی        طابع: البدر پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور

صفحات: ۵۰۰        قیمت: ۱۵۰ روپے

جناب محمد یونس طالب الہاشمی دورِ حاضر کے ان دانشور اہل قلم میں سے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ایسی صلاحیت اور اہلیت سے نوازا ہے جس کے ذریعہ موصوف اپنی بات کو قارئین کے دل ودماغ میں اُتارنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو دردمند دل سے بھی نوازا ہے، اسی دردمندی کی وجہ سے وہ ہمیشہ اُمتِ مسلمہ کی ان ممتاز شخصیات کے حالاتِ زندگی جمع کرنے میں مصروف ومشغول رہتے ہیں جو بھلائی اور خیر کا منبع وسرچشمہ ہیں جن کے حسن اخلاق وکردار کی عملی مثالیں اور نظیریں ہماری دُنیوی زندگی کو راہِ راست پر استوار کرکے اُخروی زندگی سنوار سکتی ہیں۔

جناب طالب الہاشمی نے تاریخ اسلام کی باکمال خواتین کے معمولاتِ شب وروز کو ایسے اُسلوب اور رنگ میں پیش کیا ہے جس نے دورِ حاضر کی عورت کی ذہنی اور فکری تربیت کے در کھول دیئے ہیں۔ اس سے پہلے اس نوعیت کی کتابوں میں سیرت فاطمہ الزہراؓ لختِ جگر رسول ہاشمی علیہ الصلوٰۃ والسلام اور تاریخ اسلام کی چارسو باکمال خواتین وغیرہ کتابیں مقبولیتِ عام کا درجہ حاصل کرچکی ہیں۔

'تذکارِ صالحات' بھی اسی سلسلہ کی ایک تازہ کاوش ہے جس میں موصوف نے اسلام کے ابتدائی دور سے لے کر زمانۂ حال تک کی ۱۷۵ خواتین کے زندگی کے حالات وواقعات بلاکسی امتیاز واختصاص ایسے انداز میں کتابی صورت میں محفوظ کردیئے ہیں جسے پڑھ کر قاری داد دیے بغیر نہیں رہ سکتا۔

ہاشمی صاحب نے اس کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے کا عنوان

☆ لیکچرار، گورنمنٹ کالج، پتوکی

www.KitaboSunnat.com

© rasailojaraid.com


۱۲ر برگزیدہ خواتین رکھا ہے، ان سب کا انبیاء علیہم السلام کے ساتھ رشتہ داری کا تعلق ہے۔ دوسرے حصہ کو ذکرِ صحابیات کا نام دیا ہے۔ اس حصہ میں ۱۲۶ صحابیات رضی اللہ عنہن کا تعارف ہے ۔تیسرے حصہ میں تابعیات کا تذکرہ ہے جن کی تعداد ۱۳ بیان کی ہے اور چوتھے حصہ میں ماضی قریب اور دورِ حاضر کی چند صالحات کے معمولاتِ شب وروز قلم بند کیے ہیں۔ جن میں سے کچھ وفات پا چکی ہیں اور کچھ بقیدِ حیات ہیں۔مثلا علامہ محمد اقبال، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی ، میاں طفیل محمد، حکیم محمد سعید اور دوسرے کئی نامور اصحاب کی ماؤں کا ذکر ہے۔

موصوف نے جہانِ فانی سے دارِ بقا کی طرف جانے والی صالحات کے جو حالاتِ زندگی قلم بند کئے ہیں وہ جدید عہد کی راہِ راست سے بھٹکی ہوئی عورت کو صراطِ مستقیم کی جانب کھینچ کر لاتی ہے ۔کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ پر عمل پیرا ہونے والی خواتین کا اُسوہ راہِ فلاح کی جانب رہنمائی کرتا ہے ۔نیز یہ بھی واضح کرتا ہے کہ ایک باکردار اور اعلیٰ اخلاق کی مالک خاتون کی گود سے ہی ایسے صالح افراد اور گوہر نایاب شخصیات تربیت اور پرورش پا کر پروان چڑھتی ہیں جن کے وجود سے ایک اچھا پاکیزہ اور صاف ستھرا معاشرہ معرضِ وجود میں آتا ہے۔

اس کتاب میں جن باکردار وبا اخلاق صالحات کے حالاتِ زندگی اور معمولاتِ شب وروز کو محفوظ کیا گیا ہے، ان کی عملی زندگی کے مثالی کردار کو سامنے رکھ کر آج کی خواتین اپنی اصلاح کر کے آنے والی نسلوں کے لیے اُسوہ بن سکتی ہیں۔

محدث معروف دینی اِداروں، لائبریریوں، نشریاتی وصحافتی دفاتر، تعلیمی مراکز اور کالجوں، یونیورسٹیوں کے شعبۂ اسلامیات کو اعزازی طور پر باقاعدگی سے ارسال کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے قریب کسی ایسے مرکز میں محدث وصول نہ ہوتا ہو تو ہمیں اس کا پتہ جلد از جلد ارسال کیجئے۔ اسی طرح اہم سماجی، قومی ودینی شخصیات اور اہل علم وقلم کو بھی محدث باقاعدگی سے ارسال کیا جاتا ہے جب وہ اپنے توسط سے کم از کم دو افراد کے نام 'محدث' جاری کرا دیں۔ جبکہ طلبہ کو نصف رعایتی زرِسالانہ یعنی ۱۰۰ روپے سالانہ پر محدث جاری کیا جاتا ہے۔
اس اعتبار سے محدث اُردو دان طبقہ میں مستند فکری آرا کو متعارف کرانے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔
ان دنوں محدث کے پتہ جات کی پڑتال اور تکمیل کی جارہی ہے۔ ایسے تمام حضرات جنہیں محدث مختصر یا طویل عرصہ سے اعزازی موصول ہو رہا ہو، ان سے گذارش ہے کہ وہ جوابی مراسلہ یا کم از کم فون کے ذریعے محدث کی باقاعدہ وصولی یا پتہ کی تبدیلی سے ہمیں مطلع کریں تا کہ آئندہ بھی انہیں محدث کی ترسیل جاری رہ سکے۔ جو حضرات محدث کی وصولی کے بارے میں کسی قسم کی اطلاع نہیں دیں گے، دو ماہ بعد ایسے اعزازی حضرات کو محدث کی ترسیل منقطع کردی جائے گی۔ توثیق واطلاع کیلئے محدث کا پتہ وفون نمبرز دیکھئے۔ ادارہ